
The Urdu Daily
WATTAN
وطن
سرینگر

# ہارٹ اٹیک کی خاموش علامات

تحریر۔۔۔رانا نسیم

**قدرت نے انسانی جسم کو وہ بہترین نظام دیا ہے، جسے سمجھنے کے لئے عقل انسانی ہزاروں سال سے محنت کر رہی ہے، لیکن آئے روز ہونے والی نت نئی تحقیقات حیران کن حقائق سے پردہ اُٹھا رہی ہیں؟ انسانی جسم کا ہر عضو انمول ہے لیکن اس پورے ڈھانچے میں ’’دل‘‘ کو خاص اہمیت حاصل ہے، کہنے والے تو یہ بھی کہتے ہیں کہ قدرت نے انسانی جسم کے ہر اہم عضو کو جوڑے میں بنایا یعنی دو دو بنائے لیکن دل وہ واحد عضو ہے، جو صرف ایک ہی ہے۔**



صحت مند، خوبصورت اور پاکیزہ دل صرف ایک انسان نہیں بلکہ پورے معاشرے پر اثرانداز ہوتا ہے، کیوں کہ یہ دل دو کو چار بنانے کے بجائے ’’دو‘‘ دوسرے کو دینے کا ظرف پیدا کرتا ہے اور یہی ایک بنیادی چیز ہے، جو کسی بھی معاشرے کو مہذب اور خوشحال بناتی ہے۔ لیکن آج کی دنیا میں یہ دل صرف روحانی ہی نہیں بلکہ طبی اعتبار سے بھی مشکلات کا شکار ہے۔

عالمی ادارہ صحت کے اعداد و شمار کے مطابق ہر سال دنیا میں ایک کروڑ **79** لاکھ افراد دل کی بیماریوں کے باعث جہان فانی سے کوچ کر جاتے ہیں۔ دنیا میں **31** فیصد اموات کی وجہ صرف دل کی بیماریاں ہیں جبکہ کچھ ممالک میں یہ شرح **80** فیصد ہے۔ ورلڈ ہارٹ فیڈریشن کے اعداد و شمار کے مطابق **2030**ء تک دل کی بیماریوں سے ہونے والی اموات ایک کروڑ **79** لاکھ سے بڑھ کر **2** کروڑ **30** لاکھ سے تجاوز کر سکتی ہیں۔

اگرچہ دل کی علالت کا بڑا ذمہ دار انسان خود ہی ہے کیوں کہ آج کے طرز زندگی نے اسے ناکارہ بنا دیا ہے، تمباکو نوشی، کولیسٹرول کی زیادتی، بے قاعدہ ورزش یا اس کا بالکل نہ ہونا، خوراک میں پھلوں اور سبزیوں کے استعمال کا نہ ہونا، بلڈ پریشر، ذہنی دباؤ، تفریح کا فقدان اور موٹاپا وغیرہ جیسی انسانی غفلت نے دل کے امراض میں بے پناہ اضافہ کیا ہے لیکن ایک غفلت کے بعد دوسری غفلت یعنی بیماری سے لاعلمی نے اسے مزید مہلک بنا دیا ہے۔

ایک امریکی تحقیق کے مطابق امریکا جیسے جدید ملک میں بھی صرف **27** فیصد افراد دل کی بیماری کی علامات سے واقف ہیں، یہی وجہ ہے کہ امریکا میں اچانک حرکت قلب بند ہونے کے باعث ہونے والی **50** فیصد اموات ہسپتال پہنچنے سے پہلے ہی ہو جاتی ہیں تو ایسے میں پاکستان جیسے غریب ممالک کے کم علم باسیوں کا کیا معاملہ ہوگا؟ پھر دی جرنل آف دی امریکن میڈیکل ایسوسی ایشن میں شائع ہونے والی ایک تحقیق کے مطابق امراض قلب میں مبتلا **10** مرد و خواتین میں سے **8** کا یہ کہنا ہے کہ ان کے پہلے ہارٹ اٹیک سے قبل انہیں اپنی دل کی کسی بھی قسم کی خرابی کے بارے میں معلوم ہی نہیں تھا۔

سینے میں درد، دباؤ، ٹھنڈے پسینے یا اچانک بہت زیادہ کمزوری محسوس ہونا تو ہارٹ اٹیک کی بڑی اور معروف علامات ہیں، جن کے بارے میں فوری طور پر بتایا جا سکتا ہے لیکن ہارٹ اٹیک کی کچھ ایسی خاموش علامات بھی ہیں، جن کے بارے میں عمومی آگاہی نہیں ہوتی اور اپنی ناسمجھی میں، ہم انہیں وہ اہمیت نہیں دیتے، جس کی یہ متقاضی ہیں۔ تو آیئے اب آپ کو جدید ترین ریسرچ کی روشنی میں ایسے چند علامات سے روشناس کرواتے ہیں۔

### کچھ غلط ہونے کا احساس

زندگی میں بعض اوقات ایسا وقت بھی آتا ہے، جب انسان خود کو بالکل بجھا ہوا محسوس کرتا ہے تو ایسے میں اس معاملہ پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ آپ کا جسم آپ کو کیا بتانے کی کوشش کر رہا ہے؟ نیو یارک میں امراض قلب میں **25** سالہ تجربہ کی حامل امریکی ڈاکٹر سٹیسی ای روزن کا کہنا ہے کہ ’’ہارٹ اٹیک کے مریضوں نے مجھے بتایا ہے کہ انہیں بے چینی کا احساس ہوا، جیسے کہ کچھ بھی ٹھیک نہ ہو، لہذا اگر آپ کچھ غلط محسوس کریں تو یہ اچھا ہے کیوں کہ اس سے آپ محتاط ہو سکتے ہیں‘‘ مزید برآں ڈاکٹر روزن نے رپورٹ کیا ہے کہ ان کے کچھ مریضوں نے دل کا دورہ پڑنے سے پہلے ذہنی طور پر کمزوری محسوس کرنے کی اطلاع بھی دی۔

### شدت سے جسم کو جکڑنے کا احساس

امریکی ماہر امراض قلب اور اوہائیو سٹیٹ یونیورسٹی ویکسنر میڈیکل سینٹر میں کارڈیو ویسکولر میڈیسن کے اسسٹنٹ پروفیسر جم لیو کہتے ہیں کہ اگرچہ ہارٹ اٹیک یعنی سینے کے درد کو چھرا گھونپنے کی مانند یا ایک مدھم درد کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ تاہم، بعض اوقات دل کا دورہ پڑنے سے آپ کے سینے پر دباؤ اور بھاری پن محسوس ہوتا ہے، یا جیسے آپ کو مضبوطی سے نچوڑا جا رہا ہو۔ تو یہ ہارٹ اٹیک کی پیشگی اطلاع ہو سکتی ہے، لہذا فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

### تھکاوٹ

ڈاکٹر روزن کا مشاہدہ ہے کہ تھکاوٹ دل کے دورے کی سب سے عام علامات میں سے ایک ہے، جسے وہ خاص طور پر خواتین میں دل کے دورے کے مریضوں میں دیکھتی ہیں۔ ڈاکٹر روزن کہتی ہیں کہ میرے **25** سالہ تجربے کا یہ نچوڑ ہے کہ دل کے دورے کے دہانے پر موجود لوگ تھکاوٹ محسوس کرتے ہیں اور اپنی معمول کی سرگرمیاں نہیں کر پاتے۔ ہارٹ اٹیک کے دوران دل میں خون کا بہاو کم ہو جاتا ہے۔

یہ پٹھوں پر اضافی دباو ڈالتا ہے، جس کی وجہ سے تھکن کا یہ احساس ہو سکتا ہے۔ جو سرگرمیاں آپ بہت آرام سے کر رہے ہوتے ہیں اور اچانک ان کی ادائیگی میں مشکلات پیش آنے لگیں تو یہ سرخ جھنڈی کے مترادف ہے، اگر رات کی بھرپور نیند آپ کو تھکاوٹ کے احساس سے نجات نہیں دلاتی تو آپ کو فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے۔ وہ کہتی ہیں کہ اگر آپ بہت زیادہ تھکاوٹ محسوس کر رہے ہیں، تو برائے مہربانی اپنے ڈاکٹر سے ملاقات کا وقت حاصل کریں۔

### کمر، سینے یا دونوں بازوؤں میں درد

ڈاکٹر روزن واضح کرتی ہیں کہ کمر، سینے یا دونوں بازوؤں میں نمایاں درد، اکثر خاموش دل کے دورے کی علامت ہے۔ چونکہ یہ درد اکثر سینے کے بوجھ کے ساتھ نہیں ہوتا ہے جو عام طور پر دل کے دورے سے منسلک ہوتا ہے، اس لیے لوگ اکثر اسے نظرانداز کرتے ہیں۔ یہ درد غلط سونے یا کسی زخم کی وجہ سے بھی ہو سکتی ہے لیکن اگر ان دونوں میں سے کوئی بھی صورت نہ ہو تو پھر آپ کو ایک بار ضرور ڈاکٹر سے ملنا چاہیے۔

### ورزش کے دوران درد

امریکی ماہر امراض قلب اسسٹنٹ پروفیسر جم لیو کہتے ہیں کہ ہارٹ اٹیک کی عام طور پر نظرانداز کی جانے والی علامت سینے، بازووں، کندھوں یا کمر کے گرد درد ہے جو کہ صرف ورزش کے دوران ہی ہوتا ہے۔ اگر آپ کی دل کی شریانوں میں جزوی رکاوٹ ہے، تو یہ آپ کے دل میں خون کے بہاو کو محدود کر سکتا ہے، جس سے کمزوری اور درد کا احساس ہوتا ہے۔ جب آپ ورزش کرنا چھوڑ دیتے ہیں تو درد رک سکتا ہے، کیونکہ دل کو اس اعتبار سے خون کے بہاو کی بہت ضرورت نہیں ہوتی، یا یہ آرام کے دوران بھی جاری رہ سکتا ہے۔ لہذا یہ دونوں عمل دل کی بیماری کی علامات سے متعلق ہو سکتے ہیں۔

### سانس لینے میں دشواری اور خراٹے

اگرچہ عام طور پر سیڑھیاں چڑھنا آپ کے لئے کوئی مسئلہ نہیں ہوتا ہے لیکن اچانک آپ اپنے آپ کو ہوا کے لیے ہانپتے ہوئے محسوس کرتے ہیں، تو یہ دل کے دورے کا اشارہ دے سکتا ہے۔ ڈاکٹر روزن کہتی ہیں کہ خواتین مجھے بتاتی ہیں کہ انہیں قدموں پر چلتے ہوئے یا گروسری لے جانے کے دوران تھکاوٹ یا سانس لینے میں دشواری محسوس ہوتی ہے، جب کہ وہ عام طور پر ایسا محسوس نہیں کرتی تھیں۔ مزید برآں نیند کے دوران سانس لینے کے عمل میں دشواری خراٹوں اور نتیجتاً ہارٹ اٹیک کا باعث بن سکتی ہے۔ دوران نیند سانس لینے میں دشواری کے باعث انسانی جسم میں آکسیجن کی سطح گر جاتی ہے اور اس کمی کو پورا کرنے کے لئے خون کی نالیوں میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہے جو دل کے لئے بالکل بھی اچھا نہیں۔

### سینے کی جلن یا ڈکار

اگر آپ کو پیٹ بھر کر دوپہر کے کھانے کے بعد کبھی کبھار سینے کی جلن کا احساس ہوتا ہے، تو اس کے بارے میں فکر کرنے کی کوئی بات نہیں ہو سکتی ہے۔ لیکن اگر یہ معمول سے باہر ہے، یا اگر سینے کی جلن نے آپ کو پہلے کبھی پریشان نہیں کیا تو پھر آپ کو فوری طور پر ڈاکٹر کے پاس جانا چاہیے۔ ڈاکٹر لیو کہتے ہیں کہ انجائنا، سینے میں جلن جیسا درد، دل میں خون کے بہاو کی کمی کی وجہ سے ہوتا ہے جو دل کے دورے کا اشارہ دے سکتا ہے۔

### پیٹ خراب

دل کے دورے کی علامات بعض اوقات پیٹ کے مسائل جیسے متلی، الٹی یا مجموعی طور پر معدے کی خرابی بھی ہو سکتی ہیں، خاص طور پر خواتین میں ایسا ہونے کا زیادہ خدشہ رہتا ہے۔ ڈاکٹر روزن کہتی ہیں کہ اگر آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے تو ہمیشہ اپنے ڈاکٹر کو کال کریں، خود سے کوئی ٹوٹکا استعمال نہ کریں کیوں کہ اس سے مرض کی شدت میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

### گلے، گردن یا جبڑے کی تکلیف

ماہرین امراض قلب کی جدید تحقیق بتاتی ہے کہ گردن، گلے یا جبڑے میں انجانی تکلیف دل کے دورے کی نشاندہی کر سکتی ہے۔ ڈاکٹر روزن کا کہنا ہے کہ ذیابیطس کے شکار لوگوں کے لیے اس طرح کی باریک تبدیلیوں پر توجہ دینا خاص طور پر اہم ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ کچھ ایسے احساسات کو محسوس کرنے میں پریشانی کا سامنا کر سکتے ہیں جو اہم الارم کے طور پر کام کرتے ہیں کہ کچھ سنگین غلط ہو سکتا ہے۔

علاوہ ازیں ایک صحت مند دل کے لئے آپ کو ایک تندرست منہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ نئی تحقیقات میں امراض قلب کے متعدد مریض ایسے سامنے آئے جنہیں جبڑے میں درد یا سوجن کی شکایت تھی لیکن درحقیقت یہ امراض قلب کی شروعات تھی۔ ڈاکٹر میکاؤس کے مطابق جو لوگ جبڑے کی سوجن یا درد جیسی شکایات کرتے ہیں انہیں ضرور کسی طبی ماہر سے ملاقات کرنی چاہیے کیوں کہ جبڑے کی یہ سوزش دل کی خرابی کی وجہ سے بھی ہو سکتی ہے۔

### بے وجہ پسینہ آنا

**جسمانی سرگرمی یا عمر بڑھنے سے ہارمونز کی تبدیلی کی وجہ سے پسینہ آنا ایک معموم کی بات ہے، جسے صاف کر کے سکون حاصل کیا جا سکتا ہے۔ لیکن ضرورت سے زیادہ پسینہ آنا صحت کے سنگین مسئلے کی نشاندھی کر سکتا ہے۔ ڈاکٹر لیو کا کہنا ہے کہ اگر آپ ورزش یا کوئی بھی جسمانی حرکت نہیں کر رہے اور پھر بھی آپ کو پسینہ آ رہا ہے تو یہ دل کے دورے کی ایک علامت ہو سکتی ہے۔**

# عوامی وسرکاری مقامات پرنماز ادا کرنا

تحریر۔۔۔
مفتی فیاض احمد
محمود برمارے حسینی۔جامعہ ضیاء العلوم کنڈلو

**نماز کی ادائیگی ایک دینی عمل ہے،جس کی ادائیگی زمین کے کسی بھی حصہ میں ہوسکتی ہے،نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا"وجعلت لی الارض مسجدا"(بخاری :۸۳٤)کہ میرے لیئے پوری زمین مسجد بنائی گئی ہے،البتہ نمازکی ادائیگی کے مخصوص جگہیں مساجد ہیں،لیکن ایسی جگھوں پر نمازاداکرنے سے منع کیا گیا ہے جہاں نماز اداکرنے سے کسی انسان کوتکلیف ہو،یا نماز کاخشوع ختم ہو،چنانچہ راستوں میں نمازادا کرنے سے منع فرمایا،حضرت انسؓ فرماتے ہیں: کہ آپ ﷺ نے راستہ میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔**



اس حدیث کی شرح میں علامہ مبارکفوری فرماتے ہیں"انما یکرہ الصلا فیھا لاشغال القلب بمرور الناس وتضیق المکان علیھم (تحف الاحوزی:۴۸۲۲) کہ راستہ میں نماز پڑھنا مکروہ ہے اس لئے لوگوں کے آمدورفت کی وجہ سے دل کاخشوع ختم ہوجاتا ہے اور لوگوں کوتنگی اور حرج لازم آتا ہے۔علامہ عمرانیؒ کے کلام سے کراہت کی اور ایک وجہ بھی سمجھ میں آتی ہے کہ عام طور پر راستوں میں گندگی اور نجاست بھی ہوتی ہے،اس لئے نماز پڑھنا مکروہ ہے البتہ صاف ستھرے راستوں پر یا کچھ بچھا کر نماز ادا کی جائے تو نماز درست ہوگی۔وہ فرماتے ہیں حضرت انس جہنیؓ سے مروی ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں گیا،وہاں لوگ اس طرح ٹھرے کہ آنے جانے کے لئے راستے بند ہوگئے،آپ ﷺ نے لوگوں میں اعلان کرنے کے لئے ایک آدمی بھیجا کہ"ان من ضیق منزلا اوقطع طریقا فلا جھادلہ" جو اس طرح ٹھرا کہ آنے جانے کا راستہ بند کردیا اسے جہاد کا ثواب نہیں ملے گا (ابوداود:۹۲٦۲)اس حدیث سے پتہ چلا راستے سے گذرنے والوں کو بھی اس بات کاخیال رکھنا ضروری ہے کہ وہ راستہ سے اس طرح چلیں کہ دیگر لوگوں کوتنگی اور حرج لازم نہ آئیں،چنانچہ صاحب عون المعبود فرماتے ہیں:فاللازم علی الجماع النازل فی السفر ان یتخذ واطریقا ویتزلوا بجانبیہ لئلا یتضیق الناس فی الخروج من المنازل والرجوع الیھا (عون المعبود:٦٧٥)اسی علت ضرر کی بنیاد پر راستوں میں نماز ادا کرنا مکروہ ہے،لیکن جس راستے سے لوگوں کی آمدورفت بکثرت نہ ہو یا جو جگہ خالی ہو تو وہاں نماز ادا کرنا مکروہ نہیں ہے، تو گویا عدم کراہت کا مدار کسی کو تکلیف اور ضرر لاحق نہ ہونے اور راستوں کے خالی ہونے پر ہے۔اس لئے کہ شارع جب کسی حکم کو کسی سبب اور کسی علت کے ساتھ معلق کرتا ہے تو اس علت کے نہ پائے جانے سے حکم بھی پایا نہیں جاتا،چنانچہ علامہ ابن القیم جوزیؒ فرماتے ہیں"اذا علق الشارع حکما بسبب اوعل زال ذلک الحکم بزوالہ (اعلام الموقعین :۸۴۵۵) اس تفصیل سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ سڑک کے کنارے پیدل چلنے کی جگہ پر لوگوں کی آمدورفت بکثرت نہ ہو یا وہ جگہ خالی ہو تو وہاں نماز پڑھنا مکروہ نہیں ہوگا۔امام نوویؒ فرماتے ہیں: دوسرے کی ملکیت والی زمین وجگہ پرنماز ادا کرنا

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ ہمارے درمیان تھے کہ اچانک اٹھ کر چلے گئے جب میں ان کی تلاش میں نکلا تو آپ ﷺ بنی نجار کے ایک انصاری صحابی کے باغ میں تشریف فرماتے (مسلم:۵۷)اس حدیث کے ضمن میں امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ کسی دوسرے کی ملکیت میں اس کی اجازت کے بغیر داخل ہونا اس وقت جائز ہے جب کہ اسے اس کی رضامندی کا علم ہو بلکہ اس ملکیت میں تصرف اور اس سے انتفاع بھی درست ہیجب کہ صاحب ملکیت کو کسی قسم کا اعتراض نہ ہو(شرح مسلم:۹۳۲۱) حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ جب"لن تنالوالبر حتی تنفقوا مما تحبون" یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت ابوطلحہؓ نے اپنے اموال میں سب سے پسندیدہ باغ اللہ کے لئے صدقہ کردیا، یہ وہ باغ ہے جس میں نبی کریم ﷺ صدقہ کرنے سے پہلے بھی جایا کرتے تھے،اور درختوں سے سایہ حاصل کرتے اور وہاں کا پانی پیتے تھے (بخاری:۸۵۷۲) آپ ﷺ کے باغ میں داخل ہونے اور منتفع ہونے پر حضرت ابوطلحہؓ کو کسی قسم کا اعتراض نہیں تھا بلکہ ان کے لئے شرف کی بات تھی، چنانچہ اس حدیث کے ضمن میں محمد صالح المنجد لکھتے ہیں کہ دوسریکے باغ میں یا کھیتی میں داخل ہونا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا مالک کی اجازت سے جائز ہے،اور صریح اجازت کے بغیر صرف یہ یقین یا گمان ہو کہ مالک داخل ہونے سے منع نہیں کرے گا یا عرفا اور عادتا اس طرح کے باغ میں بغیر اجازت داخلہ کو درگذر کرتا ہے تو ایسے باغ میں داخل ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے۔(قصص الصحاب فی عھد النبو۔قص بستان ابی طلح۔٦)

نیز فقہاء نے اجازت کی دو قسمیں بیان کی ہیں:ایک اذن صریح یعنی صریح اجازت اور دوسری اذن مفہوم یعنی عرف وعادت کے اعتبار سے سمجھ میں آنے والی اجازت، چوں کہ بہت سے مسائل میں عرفی اجازت کا اعتبار کیا گیا ہے،اس اعتبار سے پیٹرول پمپ ،ریسٹورنٹ اور حکومت کے زیر ملکیت جیسی جگھوں پر نماز پڑھنے پر ان جگھوں کے مالکان اور عملہ کو کسی قسم کا اعتراض نہ ہو اور ان کے نظام میں خلل کا باعث نہ ہو اور نماز پڑھنے والوں پر کسی قسم کی نکیر نہ کی جاتی ہو اور نہ ممانعت ہو تو اسے اجازت عرفی مان کر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے،جیسا کہ بہت سے مقامات اور جگھوں پر اجازت عرفی کا اعتبار کیا جاتا ہے،لیکن صورت حال اس کے برعکس ہو تو مالکان کی اجازت کے بغیر نماز ادا کرنا مغصوبہ زمین میں نماز کی طرح حرام ہوگا۔ارض مغصوبہ کا حکم یہ ہے کہ غصب شدہ زمین میں نماز ادا کرنا حرام ہے۔اس لئے کہ غصب شدہ زمین میں مطلقا ٹھہرنا اور داخل ہونا حرام ہے تو نماز ادا کرنا بدرجہ اولی حرام ہوگا۔البتہ نماز درست ہوگی،اس لئے حرمت کی علت ایک خارجی علت ہے کہ موضع نماز کسی دوسرے کی ملکیت ہے،اور یہ نماز کی صحت کے لئے مانع نہیں ہے۔

علامہ رملیؒ فرماتے ہیں:

امام عمرانیؒ فرماتے ہیں:

سرکاری جگھوں پر نماز ادا کرنا

سرکاری زمینیں سرکار کے قبضہ میں ہوتی ہیں،اور حکومت وسرکار کی ساری چیزیں عوام کے فائدہ کے لئے ہوتی ہیں اس لئے اس زمین کے استعمال پر ارض مغصوبہ کا حکم لگایا نہیں جاسکتا، بلکہ اس پر ارض مباح کا حکم لگایا جاسکتا ہے،کہ ارض مباح کی طرح سرکاری زمین پر کسی خاص شخص کی ملکیت نہیں ہوتی بلکہ اس پر سب کا حق ہوتا ہے،لہذا جس طرح ارض مباح کا استعمال ہرایک کے لئے درست ہے اسی طرح سرکاری زمینوں کا استعمال بھی درست ہے،سرکاری زمینوں میں خاص طور وہ جگہیں جو عوامی کہلاتی ہیں وہاں ہرشہری کا یکساں حق ہوگا،اور ایسی جگھوں پر نماز پڑھنا بھی بغیر کراہت جائز ہوگا،جیسے ریلوے اسٹیشن ،ایرپورٹ ،ٹرین ، جہاز اور حکومت کی ملکیت والے دیگر مقامات پر نماز ادا کرنے میں کوئی کراہت نہیں ہے،اور اس طرح کے مقامات پر سرکاری املاک کو نقصان پہنچائے بغیر عوامی تصرفات اور ان جگھوں کو استعمال کرنے سے روکنا بھی درست نہیں ہے۔البتہ اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ نماز ایسی جگہ ادا کی جائے کہ لوگوں کے آمدورفت میں خلل نہ پڑے اور نہ نماز کے خشوع اور خضوع ختم ہوجائے ،اگر حکومت ظلما نماز ادا کرنے سے منع کرتی ہے

**اور نماز ادا کرنے میں قانون شکنی لازم آنے پر جانی ومالی نقصان کااندیشہ ہوتو پھر ان مقامات پر کھلے عام نمازاداکرنے کے بجائے مخفی طورپر کسی طرح نماز ادا کرلی جائے۔ والمراد بالمباح مالایدخل تحت ملک المعصوم من الاراضی والبقاع ومایخرج من الارض من الکلاء والمرعی ونحوھا کل ذلک من المباحات التی لایتعلق بھا ملک معصوم ای لا احد یملکھا ملکا خاصا ،بل ھی عام لکل احد ای نفعھا لایختص باحد دون احد بل ھو حق للجمیع ،فھذا ھو مانعنیه بالمباح فھذا المباح یکون حقا لمن سبق الیه قبل غیرہ(تلقیح الافھام العلی بشرح القواعد الفقھی :۹۳۳)**

